جلسہ سالانہ یوکے 2016ء کی ڈیوٹیز کی افتتاحی تقریب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب

تشہد، تعوذ اور تسمیہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

گزشتہ جمعہ کو مَیں نے کارکنان کو اس طرف توجہ دلا دی تھی کہ جو بھی کام ہم کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی خاطر کرتے ہیں، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کے لئے کرتے ہیں۔ اس لئے اس مقصد کے لئے، اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے کے لئے کاموں کے ساتھ ساتھ ہمارے اخلاق بھی اچھے ہونے چاہئیں اور ہمیشہ ہمیں مسکراتے چہروں کے ساتھ خدمت کرنی چاہئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

انتظامات ابھی مَیں دیکھ کر آیا ہوں اللہ کے فضل سے گزشتہ سال کی نسبت انتظامات میں بہتری ہے بلکہ جو زیادہ گہرائی سے دیکھنے والا نہ ہو، نیا آنے والا ہو وہ تو یہی کہے گا کہ انتظامات میں کوئی کمی ہے ہی نہیں۔ لیکن بہرحال انسانی کام ہیں اور انتظامی کاموں میں کمیاں رہ جاتی ہیں اور بہتری کی گنجائش ہمیشہ ہوتی ہے۔ لیکن بہرحال جس طرح ہم اپنے کاموں میں، انتظامات میں سہولتیں اور بہتریاں پیدا کرتے چلے جا رہے ہیں اسی طرح ہمیں اپنے اخلاق کے معیاروں کو بھی بلند کرتے چلے جانے کی ضرورت ہے۔ عموماً تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب کارکن بڑی خوشدلی سے کام کرتے ہیں۔ اور لوگ آپ کے کاموں سے بڑے متاثر بھی ہوتے ہیں۔ لیکن بعض دفعہ ایک آدھ کی غلطی پوری ٹیم پہ داغ یا دھبہ لگا دینے والی ہوتی ہے۔ اس لئے ہر معاون، ہر کارکن، نائب بھی، افسر بھی اس بات کا خیال رکھنے والے ہونے چاہئیں کہ کہیں بھی کوئی ایسی بات نہ ہو جو کسی مہمان کے لئے تکلیف کا باعث بنے۔ یا کوئی ایسی بات نہ ہو جس سے انتظامی خرابی نظر آئے چاہے چند منٹ کے لئے ہو۔ پس جہاں تک یہ بات کرنے کا سوال ہے کہ آپ کو بتایا جائے کہ کس طرح ڈیوٹیاں دینی ہیں، کس طرح کھانا کھلانا ہے، کس طرح سیکیورٹی کرنی ہے، کس طرح صفائی کا انتظام کرنا ہے، کس طرح آپ نے اب تک جو کام کیا ہے اس میں مزید بہتری پیدا کرنی ہے، پھر وائنڈ اَپ میں کیا کرنا ہے، یہ چیزیں تو اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی طرح آپ کے علم میں آ چکی ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے فضل سے 99 فیصد مَیں سمجھتا ہوں لوگ، کارکن اپنے کام کو احسن رنگ میں کرنے والے ہیں۔ اس لئے جہاں تک کام کی مہارت کا سوال ہے، وہ تو اکثر کارکنوں میں اب پیدا ہو چکی ہے۔ بعض دفعہ بعضوں کے مزاج میں ایسی باتیں ہوتی ہیں جن کی وجہ سے اس شعبہ میں کام پہ حرف آ جاتا ہے۔ پس ہر شخص کو یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اس نے ہمیشہ مسکراتے چہرے کے ساتھ اور خوش اخلاقی کے ساتھ یہ خدمت کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی توفیق بھی عطا فرمائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

سیکیورٹی کے لئے مَیں نے خطبہ میں بھی کہا تھا سیکیورٹی کی ٹیم نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے ماہرانہ طرز پر اس دفعہ بھی اپنے سارے انتظامات کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن ہر کارکن کا بھی فرض ہے کہ اپنے اپنے شعبہ میں ہر طرف نظر رکھے۔ اور کسی بھی معمولی چیز سے صرف نظر نہ کرے۔ آجکل اگر صرفِ نظر کی جائے تو چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی بڑے نقصان کا باعث بن جاتی ہے۔ اور دنیا میں جو بعض انسانیت کے نام پر بٹہ لگانے والے لوگ، وہ لوگ جو اسلام کے نام پر ظلم کر رہے ہیں، وہ لوگ جو انسانی جانوں کو ضائع کر رہے ہیں، وہ چھوٹی چھوٹی کمیوں کی تلاش میں رہتے ہیں کہ جہاں کمی نظر آئے، وہاں سے نقصان پہنچایا جائے۔ اس لئے ہمیشہ ہر ایک کو اس لحاظ سے بھی ہوشیار ہونا چاہئے۔ اللہ کرے کہ ہر لحاظ سے یہ جلسہ بھی بابرکت ہو اور آپ لوگ احسن رنگ میں اپنی اپنی خدمات سرانجام دینے والے ہوں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

ہمیشہ اس یاددہانی کی بھی ضرورت پڑتی ہے کیونکہ بہت سارے کارکن ایسے ہیں جو نمازوں کے اوقات میں باجماعت نماز ادا نہیں کر سکتے۔ پھر اپنے اپنے شعبہ میں افسران کو اس بات پر عمل کروانا چاہئے کہ ان کے شعبہ میں جہاں جہاں ان کے دفتر ہیں یا اس سے قریب جو بھی کارکن ہیں جب فارغ ہوں تو باجماعت نماز ادا کریں۔ کیونکہ ہمارے کام بغیر دعاؤں کے نہیں ہو سکتے۔ اور اس بات کی طرف ہمیں، ہر ایک کو ہر وقت، توجہ دینی چاہئے۔ اور یہی ہماری کامیابی اور ترقی کا راز ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہمارے ساتھ ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرنے کے لئے اس کے حضور جھکنا بھی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی بھی آپ سب کو توفیق عطا فرمائے۔ اب دعا کر لیں۔